(یوم ندعوا کل اناس بامامھم) اس دن جب ہم سب لوگوں کو ان کے اماموں کے ساتھ بلائیں گے۔ سورۃ الاسراء ۷۱

برکاتِ شعبانیہ

مولانا زمرد حسن زکی قمی

الفوق پبلیکیشنز۔۔۔۔۔۔۔پاکستان

کتاب کا نام:۔ برکاتِ شعبانیہ

مؤلف:۔ مولانا زمرد حسن زکی قمی

نظرثانی:۔ مولانا زین حسن رضا

کمپوزنگ:۔ زیڈ برادران

ناشر:۔ الفوق پبلیکیشنز

اشاعت:۔ تیسرا ایڈیشن 1446ھ/2025ء

تعداد:۔ 500

ہدیہ:۔

(۔ جامعہ الصراط ۔)

فوق منزل۔ کالرہ۔ سرگودہا۔ پنجاب۔ پاکستان

فہرست مطالب

دعائیہ کلمات:۔

حجۃ اسلام والمسلین جناب استاد محترم مولانا اظہر حسن عمرانی مدظلہ ودامت برکاتہ

اللہ عزوجل کی حمد و ثناء جو پاک و پاکیزہ ذات ہے اور درود و سلام پاک حبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ پر اور ان کی آل پاک پر جو تمام مخلوقات سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ شعبان المعظم بہت ہی عظمتوں والا مہینہ ہے ان میں سے ایک بڑی عظمت ولادت باسعادت منجی بشر ارواحنا الفدء حضرت بقیۃ اللہ اعظم عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہے اور شعبان المعظم کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ فرماتے ہیں کہ شعبان میرا مہینہ ہے جس کسی نے اپنے نبیؐ کی محبت اور اللہ تعالی کی قربت کے لیے اس مہینے میں روز رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا تقرب عطا کرے گا اور جنت اس شخص کے لئے واجب ہو جائے گی۔ یہ شعبان کا مہینہ اللہ کے مہینے کے لیے مقدمہ ہے کہ ہم ذاتِ احدیت اللہ کی عبادت کے لیے خود کو آمادہ کرلیں چاہے وہ عبادت جس طرح کی بھی ہو جیسے واجب، مستحب، دعاء، ذکر و اذکار، نوافل، صوم وصلوٰۃ وغیرہ۔۔۔ اسی طرح علوم آل محمدؐ کی ترویج بھی عبادات میں سے ہے اور میرے برخودار نے یہ ایک علمی کاوش کی ہے جو سوال وجواب کی صورت میں تمام طلباء اور طالبات بشمول سب مومنین کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو گی۔

اللہ تعالی اپنے پاک حبیب اور ان کی آل پاک علیہم السلام کے صدقے اپنی بارگاہ عالیہ میں یہ علمی کاوش قبول و منظور فرمائے۔ ان شاء اللہ۔۔۔ آمین۔۔۔ یارب العالمین۔

بِسْمِ ٱللهِ ٱلرَّحْمَنِ ٱلرَّحِيمِ

يا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلی مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ وَ عَجِّلْ فَرَجَ آلِ مُحَمَّدٍ

مقدمہ:۔

تمام حمد و ثناء اس ذات احدیت اللہ کے لئے جو عالمین کا خالق و مالک اور رازق ہے درود و سلام اس کے پاک حبیب حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کی آل پاک پر جو تمام مخلوقات سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ ہم یہ ادنیٰ کاوش درگاہ عالی ہمارے وارث حقیقی حضرت سلطان عصر امام عالی مقام مہدی آخر الزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف میں ہدیہ عقیدت پیش کرتے ہیں جس کا ثواب ذات احدیت اللہ باطفیل محمد وآل محمد ﷺ سلطان الذاکرین شمس الشعراء استاد سردار علی فوق کربلائی اور ان کے اہل خانہ کے تمام مرحومین اور جملہ سادات و مؤمنین کی ارواح کو ایصال فرمائے۔ ان شاء اللہ۔۔۔ آمین یارب العالمین۔

معرفت امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف **:۔**

س1:۔ امام کس کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ جانشین نبی اور محافظ دین کو امام کہتے ہیں۔

س2:۔ نبی اور امام میں کیا فرق ہے ؟

ج:۔ نبی صاحب شریعت اور امام محافظ شریعت ہوا کرتا ہے۔

س3:۔ کیا امام تمام لوگوں سے افضل ہوتا ہے۔؟

ج:۔ جی ہاں ! امام اپنے زمانے کے سب لوگوں سے افضل و اعلیٰ ہوتا ہے۔

س4:۔ امام کا فریضہ کیا ہوتا ہے ؟

ج:۔ دین کی حفاظت اور لوگوں کی ہدایت کرنا۔

س5:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے جانشین ہیں ؟

ج:۔ بارہ جانشین ہیں۔

س6:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب جانشین کون سے قبیلے سے ہوں گے ؟

ج:۔ سب کے سب جانشین قریش سے ہوں گے۔

س7:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلے جانشین کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج:۔ پہلے جانشین امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابیطالب علیہما السلام ہیں۔

س8:۔ نبی پاکؐ کے آخری جانشین کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج:۔ آخری جانشین کا نام (م ح م د) ہے اور ان کا یہی اصل نام ہے۔

س9:۔ آپؑ کی کنیت کیا ہے؟

ج:۔ آپؑ کی کنیت بھی رسول اللہؐ کی کنیت کی طرح ابو القاسم ہے۔

س10:۔ کیا اس وقت روئے زمین پر کوئی حجت خدا ہے؟

ج:۔ جی ہاں امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

س11 :۔ امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کون سے مہینے میں پیدا ہوئے ہیں؟

ج:۔ شعبان المعظم

س12 :۔ شعبان المعظم کون سا اسلامی مہینہ ہے؟

ج:۔ آٹھواں

س13 :۔ شعبان المعظم سے پہلے کون سا مہینہ ہے؟

ج:۔ رجب المرجب

س14 :۔ شعبان المعظم کے بعد کون سا مہینہ ہے؟

ج:۔ رمضان المبارک

س15 :۔ شعبان المعظم کو شعبان کیوں کہا جاتا ہے؟

ج:۔ شعبان مادہ شعب سے ہے جس کے معنی جدا جدا ہونے کے ہیں- عرب اس مہینے میں پانی کی تلاش میں متفرق طور پر پھیل جاتے تھے اس لیے اس کا نام شعبان پڑ گیا۔

س16 :۔ ہمارے وقت کے امام کب پیدا ہوئے ہیں؟

ج:۔ 15 شعبان المعظم 255ھ ق کو پیدا ہوئے ہیں۔

س17 :۔ ہمارے وقت کے امام کہاں پیدا ہوئے ہیں؟

ج:۔ عراق کے شہر سامرہ میں پیدا ہوئے ہیں۔

س18 :۔ آپ کے والد گرامی کا نام کیا ہے؟

ج:۔ امام حسن عسکری علیہ السلام

س19:۔ آپ کی والدہ گرامی کا نام کیا ہے؟

ج:۔ نرجس بنت یشوعا بن قیصر بادشاہ روم

س20 :۔ امام عصرؑ کے دادا کا نام کیا ہے؟

ج:۔ امامؑ کے دادا کا نام امام علی نقی علیہ السلام ہے۔

س21 :۔ امام عصرؑ کا سلسلہ نسب بیان کریں ؟

ج:۔ حسن عسکریؑ بن علی نقیؑ بن محمد تقیؑ بن علی رضاؑ بن موسیٰ کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علی بن ابیطالب علیہم السلام

س22 :۔ امام آخر الزمانؑ کا نام کس نے رکھا ہے؟

ج:۔ امام کا خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکھا تھا۔

س23 :۔ آپ کی کنیت کیا ہے؟

ج:۔ ابو القاسم، اباصالح، ابو عبد اللہ، ابو ابراہیم اور ابو جعفر۔

س24 :۔ امام عصرؑ کے القاب کیا ہیں ؟

ج:۔ مہدی، منتظر، حجۃ اللہ۔ قائم، صاحب الزمان۔

س25 :۔ ان کنیت میں مشہور کون سی ہے؟

ج:۔ ابو القاسم زیادہ مشہور ہے۔

س26 :۔ آپ کو فرائض امامت کب سونپے گئے؟

ج:۔ آپ کے والد گرامی کی شہادت کے بعد سونپے گئے۔

س27 :۔ آپ کے والد گرامی حضرت حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت کب ہوئی؟

ج:۔ 8 ربیع الاول 260ھ ق کو۔

س28 :۔ اُس وقت آپ کتنے برس کے تھے؟

ج:۔ اُس وقت آپ 4 برس اور 7 ماہ کے تھے۔

س29 :۔ اب اِس وقت آپ کی عمر مبارک کتنی ہے ؟

ج:۔ 1186

س30 :۔ امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت کے وقت بادشاہ کون تھا؟

ج:۔ معتمد عباسی بادشاہ وقت تھا۔

س31 :۔ امام حسن عسکری علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج:۔ آپ کو عراق کے شہر سامرہ میں ہی دفن کیا گیا۔

س32 :۔ امام زمانہؑ اولاد امام حسینؑ میں سے کون سے نمبر کے امام ہیں ؟

ج:۔ نویں امام

س33 :۔ امام زمانہؑ کثیر تعداد لوگوں کے سامنے کس موقع پر ظاہر ہوئے تھے ؟

ج:۔ اپنے بابا امام حسن عسکریؑ کی شہادت پر ان کا جنازہ پڑھنے کے موقع پر

س34 :۔ امام زمانہؑ نے اپنے چچا کو جنازہ پڑھنے سے روکتے ہوئے کیا کہا تھا؟

ج:۔ اپنے چچا کو پیچھے ہٹاتے ہوئے کہا اپنے والد کا جنازہ پڑھنے کا میں زیادہ حقدار ہوں۔

س35 :۔ نرجس خاتون کا سلسلہ نسب کون سے نبی کے وصی سے ملتا ہے ؟

ج:۔ حضرت عیسیٰؑ کے وصی حضرت شمعونؑ سے۔

س36 :۔ امام زمانہؑ کی غیبت کب سے شروع ہوئی ؟

ج:۔ آپ کے والد کی شہادت کے بعد

س37 :۔ غیبت کتنے قسم کی ہے نام بتائیں ؟

ج:۔ غیبت دو قسم کی ہے ایک غیبت صغریٰ اور دوسری غیبت کبریٰ

س38 :۔ غیبت صغریٰ کہاں سے کہاں تک ہے ؟

ج:۔ 260ھ سے 329ھ تک

س39 :۔ غیبت صغریٰ کا دورانیہ کتنا ہے ؟

ج:۔ ۶۹ سال

س40 :۔ غیبت کبریٰ کب شروع ہوتی ہے ؟

ج:۔ 329ھ سے شروع ہوتی ہے۔

س41 :۔ کیا غیبت صغریٰ میں کسی سے رابطہ میں تھے ؟

ج:۔ہاں جی

س42 :۔ غیبت صغریٰ میں کن لوگوں سے رابطہ میں تھے ؟

ج:۔ غیبت صغریٰ میں اپنے خاص نائبین کے ساتھ رابطہ میں تھے۔

س43 :۔ غیبت صغریٰ کے نائبین کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے ؟

ج:۔ نواب اربعہ

س44 :۔ نواب اربعہ میں سے پہلے نائب کا نام کیا ہیں ؟

ج:۔ ابو عمرو عثمان بن سعید ۔ متوفی سنہ ۲۸۰ ھ

س45 :۔ نواب اربعہ میں سے دوسرے نائب کا نام کیا ہیں

ج:۔ ابو جعفر محمد بن عثمان ۔ متوفی ۳۰۴ھ

س46 :۔ نواب اربعہ میں سے تیسرے نائب کا نام کیا ہیں

ج:۔ ابوالقاسم حسین بن روح نوبختی۔ متوفی ۳۲۶ھ

س47 :۔ نواب اربعہ میں سے چوتھے نائب کا نام کیا ہیں

ج:۔ ابوالحسن علی بن محمد سمری۔ متوفی ۳۲۹ھ

س48 :۔ غیبت کبریٰ کب تک رہے گی؟

ج:۔ واللہ اعلم۔۔۔ یہ صرف ذات احدیت کو ہی معلوم ہے۔

س49 :۔ کیا دورِ غیبت میں امام زمانہؑ کو نام محمد سے پکارنا ممنوع ہے ؟

ج:۔ جی ہاں

س50 :۔ امام زمانہؑ کی خاتم کا نقش کیا ہو گا؟

ج:۔ اَنَا حُجۃُاللہِ و خَاصتہ

س51 :۔ امام زمانہؑ کے پرچم پر کیا لکھا ہو گا؟

ج:۔ البیعۃ للہ

س52:۔ کیا امام زمانہ کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے ؟

ج:۔ جی ہاں

س53:۔ امام زمانہؑ کا ذکر کلام الٰہی میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج:۔ قرآن پاک میں 300 آیات امام زمانہؑ کے بارے میں موجود ہیں۔

س54 :۔ کوئی ایک آیت جو امام زمانہؑ کے بارے میں ہو بتائیں؟

ج:۔ الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلاۃ۔۔۔ میں غیب سے مراد امام زمانہؑ ارواحنالہ الفداء ہیں۔

س55:۔ کیا گزشتہ آسمانی کتب میں بھی امام زمانہؑ کا ذکر ہوا ہے؟

ج:۔ ہاں جی سب آسمانی کتب میں ذکر آیا ہے۔

س56:۔ کیا اسلام کے علاوہ دوسرے ادیان دنیا کی کتب میں امام زمانہؑ کا ذکر ہوا ہے؟

ج:۔ ہاں جی تمام ادیان کے معتبر کتب میں ذکر ہے۔

س57:۔ صحیفہ ابراہیمؑ میں امام زمانہؑ کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟

ج:۔ صحیفہ ابراہیمؑ میں صاحب کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

س58:۔ انجیل میں کس نام سے امام زمانہؑ کا ذکر کیا گیا ہے؟

ج:۔ انجیل میں مولا کو مہمید کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

س59:۔ زبور میں کس نام سے امام زمانہؑ کا ذکر کیا گیا ہے؟

ج:۔ زبور میں مولا کو قائم کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

س60:۔ تورات میں کس نام سے امام زمانہؑ کا ذکر کیا گیا ہے؟

ج:۔ تورات میں مولا کو ماشع، قید اور شیلو کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

س61:۔ کیا رسول گرامیؐ سے امام زمانہؑ کے بارے میں کوئی حدیث وارد ہے؟

ج:۔ جی ہاں بہت ساری ذکر ہوئی ہیں۔

س62:۔ کوئی ایک مثال کے لئے ذکر کریں؟

ج:۔ رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ وہ لوگ خوش نصیب ہوں گے جو میرے قائم کے زمانے میں صبر کریں گے اور اس کی محبت پر ثابت قدم رہیں گے۔

س63:۔ آئمہ معصومین علیہم السلام سے بھی کوئی حدیث امام زمانہؑ کے بارے میں ذکر ہوئی ہے؟

ج:۔ امام زمانہؑ کی شان میں معصومین علیہم السلام سے سینکڑوں مختلف عنوانات پر احادیث شیعہ اور سنی کتب میں مقل ہوئی ہیں۔

س64:۔ خلوص دل سے امام کے ظہور کا انتظار کرنے والے کو کس خطاب سے نوازا گیا ہے؟

ج:۔ ایسے پر خلوص شخص کو شہدا اور صدیقین کے خطاب سے نوازا ہے۔

س65:۔ رسول اعظمؐ نے اپنی امت کے کس عمل کو بہترین عمل کہا گیا ہے؟

ج:۔ رسول اعظمؐ نے امام زمانہؑ کے ظہور کی دعا کو اپنی امت کا بہترین عمل قرار دیا ہے۔

س66:۔ کیا امام زمانہؑ کے اسم گرامی کو بغیر وضو کے ہاتھ لگا سکتے ہیں؟

ج:۔ ہرگز نہیں چھو سکتے۔

س67:۔ امام زمانہؑ کا ظہور کب ہو گا؟

ج:۔ اس کا علم ذات احدیت اللہ کے علاوہ کسی کے پاس نہیں ہے۔

س68:۔ امام زمانہؑ کا ظہور کس دن ہو گا؟

ج:۔ احادیث کی روشنی میں روز عاشور جمعہ کو ہو گا۔

س69:۔ امام زمانہؑ کے نام سے کوئی نماز ہے؟

ج:۔ جی ہاں

س70:۔ امام زمانہؑ کی نماز کتنی رکعت ہے؟

ج:۔ نماز امام زمانہؑ دو رکعت ہے۔

س71:۔ نماز امام زمانہؑ پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

ج:۔ یہ نماز صبح کی نماز کی طرح پڑھی جاتی صرف اس فرق کے ساتھ کہ جب سورۃ الحمد میں ایاک نعبد وایاک نستعین پر آئے تو اس آیت کو 100 مرتبہ تکرار کرنے کے بعد پورا کرے اور نماز کے بعد الٰہی عظم بلاء وبری الخفائ کو پڑھ لیا جائے۔

س72:۔ کیا ہم امام زمانہؑ کے انصار میں شامل ہو سکتے ہیں؟

ج:۔ جی کیوں نہیں بہت آسانی سے شامل ہو سکتے ہیں۔

س73:۔ امام زمانہؑ کے انصار میں کیسے شامل ہوا جا سکتا ہے؟

ج:۔ ان کے فرمودات پر عمل کر کے انصار امام میں شامل ہوا جا سکتا ہے۔

س74:۔ مرنے کے بعد کوئی امام زمانہؑ کے انصار میں شامل ہو سکتا ہے؟

ج:۔ جی ہاں بالکل شامل ہو سکتا ہے۔

س75:۔ مرنے کے بعد امام زمانہؑ کے انصار میں کیسے شامل ہوا جا سکتا ہے؟

ج:۔ امام صادقؑ فرماتے ہیں جو دعا عہد چالیس دن پڑھے اور وہ ظہور سے پہلے مر جائے تو پھر بھی امام کے انصار میں شامل کیا جائے گا۔

س76:۔ امام زمانہؑ نے ہمارے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج:۔ مولا نے فرمایا ہے کہ اگر میرا قرب چاہتے ہو تو زیارت آل یٰس کی تلاوت اور میرے ظہور کی دعا کیا کرو۔

س77:۔ کیا ہم امام زمانہؑ سے ملاقات کر سکتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں

س78:۔ کیا امام زمانہؑ ہماری حالات سے باخبر ہیں؟

ج:۔ جی ہاں حالات سے باخبر بھی ہیں اور مدد بھی کرتے ہیں۔

س79 :۔ علامات ظہور کی حتمی نشانی کیا ہیں؟

ج:۔ یمانی اور سفیانی کا خروج، ندائے آسمانی، وادی بیداء کا دھنس جانا، نفس ذکیہ کا قتل

س80 :۔ امام زمانہؑ کس مقام پر ظہور کریں گے؟

ج:۔ مکہ معظمہ

س81 :۔ امام زمانہؑ سے لوگ کس مقام پر بیعت کریں گے؟

ج:۔ رکن و مقام کے درمیان

س82 :۔ امام زمانہؑ کی حکومت کتنی ہو گی؟

ج:۔ ۴۰ سے ۷۰ سال تک (اس میں اختلاف ہے)

س83 :۔ امام زمانہؑ کی سلطنت کہاں ہو گی؟

ج:۔ پورا کرہ ارض

س84 :۔ امام زمانہؑ کا ظاہری حلیہ کیسا ہو گا؟

ج:۔ آپؑ صورت و سیرت میں بالکل سرور کائنات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے مشابہ ہو گے۔

س85 :۔ امام زمانہؑ کی ان کی والد گرامی کی زندگی میں یا غیبت صغریٰ میں کسی ملاقات ہوئی ہے؟

ج:۔ ہاں جی! بہت سے لوگوں سے ملقات ہوئی ہے۔

س86 :۔ امام زمانہؑ سے ملاقات کرنے والوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔ تقریباً 176

س87 :۔ زمانہ غیبت میں کون سی دعا کا پڑھنا سبب بنے گا وقت ظہور قبروں سے زندہ اٹھایا جائے گا؟

ج:۔ دعا عہد

س88 :۔ امام زمانہؑ خاص اصحاب کی تعداد کتنی ہو گی؟

ج:۔ 313

س89 :۔ امام زمانہؑ کی حکومت کا دارالخلافہ کون سا شہر ہو گا؟

ج:۔ کوفہ

س90 :۔ کیا اصحاب کہف بھی نصرت امام زمانہؑ کے لئے آئیں گے ؟

ج:۔ جی ہاں

س91 :۔ آیا امام زمانہؑ کے بہن بھائی ہیں ؟

ج:۔ جی نہیں آپؑ اکیلے ہی تھے۔

س92 :۔ ہفتے کا کون سا دن امام زمانہؑ سے مخصوص ہے ؟

ج:۔ جمعہ

س93 :۔ امام زمانہؑ سے کون سی زیارت روایت کی گئی ہے ؟

ج:۔ زیارت ناحیہ

س94 :۔ علامات ظہور امام قسم کا کی ہیں ؟

ج:۔ دو قسمیں ہیں ۰۱۔ خاصہ ۰۲۔ عامہ

س95 :۔ علامات خاصہ کس قسم کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ خاصہ ایسی علامات جن کا تعلق صرف اور صرف امام مہدی علیہ السلام سے ہو جیسے تلوار کا آپؑ سے گفتگو کرنا۔۔۔ وغیرہ

س96 :۔ علامات عامہ کس قسم کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ عامۃ ایسی علامات جو عوام الناس کے لیے ہوں۔

س97 :۔ امامؑ کے ظہور کا اعلان کیسے ہو گا؟

ج:۔ ندائے آسمانی سے

س98 :۔ ظہور کے بعد امام زمانہؑ کا پہلا جملہ کیا ہو گا؟

ج:۔ بَقِيّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ سورۃ ھود86

س99 :۔ امام زمانہؑ کے القاب خصوصاً القائم یا قائم آل محمد سنیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ج:۔ بہتر ہے کہ تعظیماً کھڑے ہو جائیں۔

س100 :۔ امام زمانہؑ کا غسل و کفن کون کرے گا؟

ج:۔ امام عالی مقام حضرت حسین علیہ السلام

فقہی سوالات :۔

س1:۔ پانی کی کتنی قسمیں ہیں ؟

ج:۔ دو قسمیں (آب مطلق، آب مضاف)ہیں۔

س2:۔ آب مطلق کی کتنی قسمیں ہیں ؟

ج:۔ 5 قسمیں (کُر، قلیل، جاری، کنواں، بارش)ہیں۔

س3:۔ کُر پانی کی مقدار کیا ہے ؟

ج:۔ 384 لیٹر

س5:۔ قلیل پانی کسے کہتے ہیں ؟

ج:۔ ایسا پانی جو زمیں سے نہ ابلے اور ایک کُر سے کم ہو قلیل پانی کہلاتا ہے۔

س6:۔ جاری پانی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ ایسا پانی جو زمیں سے ابلے اور بہتا ہو مثلا چشمے کا پانی جاری پانی کہلاتا ہے۔

س7:۔ کُر پانی کی وہ چھینٹیں جو ٹوائلیٹ کے فلیش سے ٹکرا کر پڑتی ہیں کیا وہ پاک ہیں یا نجس ؟

ج:۔ پاک ہیں۔

س8:۔ کیا نل یا ٹوٹی کا پانی کُر پانی کا حکم رکھتا ہے؟

ج:۔ جس منبع سے آرہا ہے وہ اگر کُر پانی ہے تو کُر پانی کے حکم میں ہے۔

س9:۔ جاری پانی کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ جاری پانی وہ ہے جو زمین سے ابلے اور بہتا ہو مثلاً چشمے کا پانی یا کاریز کا پانی

س10:۔ کیا نجاست جاری سے ملے تو وہ نجس ہو جاتا ہے؟

ج:۔ ہاں جی پانی کی وہ مقدار جس کی بُو، رنگ اور ذائقہ نجاست کی وجہ سے ن بدل جائے نجس ہے
۔

س11:۔ بارش کا پانی نجس چیز کو کیسے پاک کرتا ہے؟

ج:۔ جو چیز نجس ہے اور اس پر عین نجاست نہ ہو تو اس پر جہاں جہاں ایک بار بارش ہو گی پاک ہو جائے گی لیکن بدن اور لباس پیشاب سے نجس ہوں تو بنابر احتیاط دو بار بارش ہونا ضروری ہے۔

س12:۔ کتنی جگہوں پر رفع حاجت کرنی حرام ہے؟

ج:۔ چار مقامات پر رفع حاجت کرنا حرام ہے۔

س13:۔ کن کن چار ماقامات پر رفع حاجت کرنا حرام ہے؟

ج:۔ 01۔بند گلی، 02۔ نجی ملکیت والی زمین پر، 03۔ مخصوص لوگوں کے لیے وقف کی گی جگہ پر، 01۔ مؤمنین کی قبروں اور مقدسات کی توہین کا موجب بننے والی جگہ پر

س14:۔ پیشاب اور پاخانہ کے روکنے کا کیا حکم ہے؟

ج:۔ پیشاب اور پاخانہ روکنا مکروہ ہے لیکن بدن کے لئے مکمل طور پو مضر ہو تو حرام ہے۔

س15:۔ رفع حاجت کے مستحبات کیا ہیں؟

ج:۔ ہر شخص کے لیے مستحب ہے کہ رفع حاجت ایسے مقام پر جائے جہاں اسے کوئی نہ دیکھے ، بیت الخلاء میں بایاں پاؤں سے داخل اور دائیں پاؤں سے باہر نکلے ،رفع حاجت کرتے وقت سر ڈھانپے اور بدن کا بوجھ بائیں پاؤں پر ڈالے۔

س16:۔ رفع حاجت کے مکروہات کیا ہیں؟

ج:۔ ہر شخص کے لیے رفع حاجت کے وقت سورج اور چاند کی طرف منہ کے بیٹھنا، ہوا کے رخ کے مقابل میں بیٹھنا، گلی کوچوں،راستوں، مکانوں کے دروازوں اور میوہ دار درختوں کے نیچے بیٹھنا مکروہ ہے اسی حالت کسی شیز کا کھانا یا زیادہ وقت لگانا یا دائیں ہاتھ سے طہارت کرنا بھی مکروہ ہے۔

س17 :۔ نجاست ثابت ہونے کے کتنے طریقے ہیں؟

ج:۔ نجاست ثابت ہونے کے تین طریقے ہیں۔

س18 :۔ نجاسات کتنی ہیں؟

ج:۔ 10 نجاسات ہیں۔

س19:۔ دس نجاسات کے نام بتائیں؟

ج:۔ پیشاب، پاخانہ، منی، مردار، خون، کتا، سور، کافر، شراب، نجاست خور حیوان کا پسینہ۔

س20:۔ عین نجاست کن نجاسات کو کہا گیا ہے؟

ج:۔ کتا، سور اور کافر کو عین نجاست کہا گیا ہے۔

س21 :۔ کسی چیز کی نجاست کیسے ثابت ہوتی ہے؟

ج:۔ کسی بھی چیز کی نجاست 3 طریقوں سے ثابت ہوتی ہے ا۔ چیز کے نجس ہونے پر خود انسان کو یقین ہو، 2۔ کسی کے پاس چیز ہو اور وہ اس کے بارے میں کہے کہ یہ چیز نجس ہے، 3۔ دو عادل کہیں کہ یہ چیز نجس ہے۔

س22:۔ مطہرات کتنے ہیں؟

ج:۔ مطہرات 12 ہیں۔

س23:۔ بارہ مطہرات کئ نام بتائیں؟

ج:۔ پانی، زمین، سورج، اسحالہ، انقلاب، انتقال، اسلام، تبعیت، عین نجاست کا زائل ہونا، نجاست کھانے والے حیوان کا استبراء، مسلمان کا غائب ہونا، ذبح کئے گئے جانور کے بدن سے خون کا نکل جانا۔

س24:۔ پانی کتنی شرطوں سے نجس چیز کو پاک کرتا ہے؟

ج:۔ پانی چار شرطوں کے ساتھ نجس چیز کو پاک کرتا ہے۔

س25:۔ نجس برتن کو قلیل پانی سے کتنے طریقے سے دھویا جاسکتا ہے؟

ج:۔ نجس برتن کو قلیل پانی سے دو طریقے سے دھویا جاسکتا ہے

س26:۔ زمین کتنی شرطوں سے نجس چیز کو پاک کرتا ہے؟

ج:۔ زمین چار شرطوں کے ساتھ نجس چیز کو پاک کرتا ہے۔

س27:۔ سورج زمین، عمارت اور دیوار کو کتنی شرطوں سے پاک کرتا ہے؟

ج:۔ سورج زمین، عمارت اور دیوار کو پانچ شرطوں سے پاک کرتا ہے ۔

س28:۔ استحالہ کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ کسی نجس چیز کی جنس کسی پاک چیز کی شکل میں بدل جائے اسے استحالہ کہتے ہے۔

س29:۔ انقلاب کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ انقلاب یعنی شراب خود بخود یا کسی چیز کے ملانے سے سرکہ میں بدل جائے تو پاک ہو جاتا ہے
۔

س30:۔ انتقال کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ انسان کا خون یا اچھلنے والا خون رکھنے والے حیوان کا خون کوئی ایسے جوس کہ اس کے بدن کا حصہ بن جائے تو یہ انتقال کہلاتا ہے۔

س31:۔ تبعیت کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ کوئی نجس چیز کسی دوسری چیز کے پاک ہونے سے کی وجہ سے پاک ہو جائے اسے تبعیت کہتے ہیں۔

س32:۔ ایک کافر کیسے پاک ہوتا ہے؟

ج:۔ کافر شہادتین پڑھ لے یعنی ذاتِ احدیت اللہ کی وحدانیت اور خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی نبوت کی گواہی دینے سے پاک ہو جاتا ہے۔

س33:۔ ایک مکلف پر کتنے غسل واجب ہیں؟

ج:۔ سات غسل واجب ہیں۔

س34:۔ واجب غسل کون کون سے ہیں؟

ج:۔ جنابت، حیض، نفاس، استحاضہ، میت، مس میت، نذر قسم یا عہد۔

س35:۔ واجب غسلوں میں سے مرد پر کتنے غسل واجب ہیں؟

ج:۔ مرد پر ان سات میں سے چار غسل واجب ہیں۔

س36:۔ غسل کرنے کے کتنے طریقے ہیں؟

ج:۔ دو طریقے (ترتیبی۔ ارتماسی) ہیں۔

س37 :۔ کیا غصبی جگہ یا غصبی پانی سے غسل کرسکتے ہیں؟

ج:۔ جی نہیں، غسل صحیح نہیں ہو گا۔

س38:۔ مجنب پر کتنی چیزیں حرام ہیں؟

ج:۔ مجنب شخص پر پانچ چیزیں حرام ہیں۔

س39:۔ کون کون سی چیزیں مجنب حرام ہیں؟

ج:۔ مجنب پر قرآن کریم، ذات احدیت اللہ، رسول گرامی اور آئمہ معصومین علیہم السلام کے اسماء کو چھونا، مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں جانا، مسجد الحرام اور مسجد نبوی کے علاوہ کسی دوسری مسجد میں ٹھہرنا، کسی بھی مسجد میں کوئی چیز رکھنے اٹھانے جانا، آیات سجدہ کی تلاوت کرنا حرام ہے۔

س40:۔ مجنب پر کتنی چیزیں مکروہ ہیں؟

ج:۔ مجنب شخص پر نو چیزیں مکروہ ہیں۔

س41 :۔ مرنے کے بعد کے کیا احکام ہیں ؟

ج:۔ مستحب ہی کہ مرنے کے بعد میت کی آنکھیں اور ہونٹ بند کیے جائیں، ٹھوڈی باندھی جائے، ہاتھ پاؤں سیدھے کے جائے اور اگر موت رات کو ہوئی ہت تو میت پاس چراغ جلایا جائے۔

س42 :۔ کفن مین کتنی چیزیں واجب ہیں ؟

ج:۔ کفن میں 3 چیزیں واجب ہیں جیسے کرتہ، لنگ اور چادر۔

س43:۔ غسل دینے کے بعد میت کو حنوط کہاں کہاں دیناواجب ہے ؟

ج:۔ غسل دینے کے بعد میت کا حنوط کافور سے اعضاء سجدہ پر کرناواجب ہے۔

س44 :۔ کس میت پر نماز جنازہ پڑھناواجب ہے ؟

ج:۔ ہر مسلمان میت پر اور ایسے بچے کی میت پر جو اسلام کے حکم میں ہو اور پورے چھ سال کا ہو چکاہو نماز جنازہ پڑھناواجب ہے ۔

س45 :۔ نماز جنازہ کتنی تکبیروں سے پڑھاجاتاہے ؟

ج:۔ نماز جنازہ پانچ تکبیروں سے پڑھاجاتاہے۔

س46 :۔ کیا غسل جمعہ سے نماز جمعہ پڑھی جاسکتی ہے ؟

ج:۔ جی ہاں نماز جمعہ پڑھی جاسکتی ہے۔

س47:۔ وضو کرنے کے کتنے طریقے ہیں ؟

ج:۔ دو طریقے (ترتیبی۔ ارتماسی) ہیں۔

س48:۔ وضو کا ارتماسی طریقہ کیا ہے؟

ج:۔ ایسا وضو کہ جس میں وضو کی نیت سے چہرہ پیشانی کی طرف سے اور ہاتھ کہنیوں کی طرف سے پانی میں ڈبویا جائے

س 49 :۔ وضو کے واجبات کتنے ہیں؟

ج:۔ 5 واجبات (نیت، چہرہ دھونا، کہنی تک دونوں ہاتھ دھونا، سر کا مسح، پاؤں کا مسح) ہیں۔

س50 :۔ وضو کس نیت سے کرنا صحیح قرار پاتا ہے؟

ج:۔ جب صرف ذات احدیت اللہ کی رضا وخوشنودی کے لئے ہی کیا جائے۔

س51 :۔ وضو کن 6 چیزوں کے لئے کرنا واجب ہے؟

ج:۔ واجب نماز کے لئے علاوہ از نماز میت، بھولے سجدہ اور تشہد کے لئے، واجب طواف خانہ کعبہ کے لئے، منت عہد وقسم کے لئے، قرآن پاک کا بوسہ یا مس کرنے کے لئے، نجس قرآن کریم کو پاک کرنے کے لئے

س52 :۔ کس نیند سے وضو باطل ہو جاتا ہے؟

ج:۔ ایسی نیند سے جو آنکھوں اور کان دونوں پہ غالب آجائے ۔

س53 :۔ سر کا مسح کہاں کیا جاتا ہے ؟

ج:۔ سر کے اگلے چوتھائی حصہ پر کیا جاتا ہے۔

س54 :۔ وضو کے صحیح ہونے کی کتنی شرائط ہیں دو کا نام بتائیں؟

ج:۔ وضو کے صحیح ہونے کی 11 شرائط ہیں جیسے پانی کا پاک، مطلق، مباح، ترتیب، موالات وغیرہ۔

س55 :۔ وضو کتنی چیزوں سے باطل ہوتا ہے دو کا ذکر کریں؟

ج:۔ سات چیزوں سے وضو باطل ہوتا ہے جیسے پیشاب، پاخانہ، عقل کا زائل ہونا وغیرہ۔

س56 :۔ واجب نمازیں کون کون سی ہیں؟

ج:۔ 6 واجب نمازیں جو یہ روزانہ کی نمازیں، نماز میت، نماز آیات، واجب طواف کی نماز، باپ کی قضا جو بڑے بیٹے پر واجب، نماز اجارہ منت قسم اور عہد ہیں ۔

س57:۔ وضو کتنی چیزوں سے باطل ہوتا ہے؟

ج:۔ وضو سات چیزوں سے باطل ہو جاتا ہے۔

س58:۔ وضو کو باطل کرنے والی کون سی سات چیزیں ہیں؟

ج:۔ پیشاب، پاخانہ، ریح کا خارج ہونا، نیند کا غلبہ ہونا، عقل کا زائل ہونا، عورت کا استحاضہ آنا، جنابت بلکہ ہر وہ کام جو غسل کرنے کو ضروری قرار دے۔

س59 :۔ تیمم کتنی صورتوں میں کیا جاتا ہے؟

ج:۔ سات صورتوں میں وضو اور غسل کے بجائے تیمم کیا جاتا ہے۔

س60 :۔ کن چیزوں سے تیمم کرنا صحیح ہے؟

ج:۔ مٹی، ریت، ڈھیلے اور روڑی یا پتھر سے تیمم کرنا صحیح ہے۔

س61 :۔ وضو اور غسل کے بدلے تیمم کے لیے کتنی چیزیں واجب ہے ؟

ج:۔ وضو اور غسل کے بدلے تیمم کے لیے چار چیزیں واجب ہے۔

س62 :۔ روزانہ کتنی رکعتیں پڑھنا مؤمن کی نشانی کے طور پر بیان کیا گیا ہے؟

ج:۔ 51 رکعت کا روزانہ پڑھنا ایک مؤمن کی نشانی کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

س63:۔ روزانہ کی پڑھی جانے والی رکعتوں میں سے واجب رکعتیں کتنی ہیں؟

ج:۔ واجب رکعتیں 17 ہیں۔

س64:۔ روزانہ کی پڑھی جانے والی رکعتوں میں سے واجب رکعتیں کتنی ہیں؟

ج:۔ سنت رکعتیں 23 ہیں

س65:۔ پنجگانہ نماز کے علاوہ کون سی نماز روزانہ پڑھنے سے 51 رکعتیں پوری ہوتی ہیں؟

ج:۔ نماز شب کی 11 رکعتیں ہیں۔

س66 :۔ نماز مغرب کا وقت کیا ہے؟

ج:۔ احتیاط واجب یہ ہے کہ جب مشرق کی سرخی جو غروب آفتاب کے وقت ظاہر ہوتی ہے انسان کے سر سے گزر نہ جائے تب تک نماز مغرب اداء نہ کی جائے۔

س67 :۔ کیا تمام نمازوں میں ترتیب ضروری ہے؟

ج:۔ ہاں جی! ظہر کے بعد عصر اور مغرب کے بعد عشاء کی ترتیب لازمی ہے۔

س68 :۔ مسجد کی زمین، اندرونی اور بیرونی چھت اور اندرونی دیوار کو نجس کرنا کیسا ہے ؟

ج:۔ نجس کرنا حرام ہے۔

س69 :۔ آئمہ اہلبیت علیہم السلام میں سے کسی امام کے حَرَم کو نجس کرنے کیا حکم ہے ؟

ج:۔ آئمہ اہلبیت علیہم السلام میں سے کسی امام کے حَرَم کو نجس کرنا حرام ہے۔

س70 :۔ کل واجب نمازیں کتنی ہیں ؟

ج:۔ کل چھ واجب نمازیں ہیں۔

س71 :۔ چھ کون کون سی واجب نمازیں ہیں ؟

ج:۔ پنجگانہ نماز، نماز آیات، نماز میت، خانہ کعبہ کے واجب طواف کی نماز، باپ کی قضا نماز بڑے بیٹے پر اور جو اجارہ، منت، قسم، اور عہد سے واجب ہو جاتی ہیں۔

س72 :۔ نماز جمعہ کا کون سی نماز میں شمار ہوتا ہے ؟

ج:۔ نماز جمعہ کا شمار پنجگانہ نمازوں میں ہوتا ہے۔

س73 :۔ نماز نماز جمعہ واجبات کی کون سی قسم سے ہے ؟

ج:۔ نماز جمعہ واجب تخیری ہے۔

س74 :۔ نمازی کے لباس کی کتنی شرطیں ہیں ؟

ج:۔ نمازی کے لباس کی چھ شرطیں ہیں۔

س75 :۔ نماز سے پہلے اذان اور اقامت کا پڑھنا مستحب ہے یا واجب ؟

ج:۔ مستحب ہے۔

س76 :- نماز کے واجبات کتنے ہیں؟

ج:- نماز کے 11 واجبات ہیں۔

س77 :- واجبات نماز میں سے واجب ارکان کون کون سے ہیں؟

ج:- نیت، تکبیرۃ الاحرام، قیام متصل بارکوع، رکوع، رکعت کے دونوں سجدے

س78 :- شکیات نماز کتنی قسم کے ہیں؟

ج:- نماز کے شکیات کی 22 قسمیں ہیں

س79 :- شکیات نماز سے کتنی قسم کے شک قابل علاج ہیں؟

ج:- ایسے شک 9 قسم کے ہیں

س80 :- روزانہ کی پانچ نمازوں میں سے کتنی نمازیں قصر ہوتی ہیں؟

ج:- صرف چار رکعتی یعنی ظہر، عصر اور عشاء قصر ہوتی ہیں

س81 :- کتنے فاصلہ پر نماز قصر ہوتی ہے؟

ج:- آٹھ فرسخ شرعی تقریباً 44 کلومیٹر پر نماز قصر ہوتی ہے۔

س82 :- نمازی کون سی جگہ پر نماز پوری پڑھ سکتا ہے؟

ج:- مسجد الحرام، نبوی، کوفہ اور حرم سید الشہداء امام حسینؑ چودہ گز کے اندر اندر

س83 :- روزے سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ روزہ یعنی ذاتاِحدیت اللہ کی رضا وخوشنودی کے لئے انسان اذان صبح سے مغرب تک خود کو پابند رکھے۔

س84 :۔ روزہ کن چیزوں سے باطل ہو جاتا ہے؟

ج:۔ 9 چیزوں سے روزہ باطل ہو جاتا ہے۔

س85 :۔ ماہ رمضان کا روزہ توڑنے کا کفارہ کیا ہے؟

ج:۔ ایک غلام آزاد کرنا، دو مہینے کے روزے رکھنا، ساٹھ فقیروں کو کھانا کھلانا

س86:۔ مہینے کی پہلی تاریخ ثابت ہونے کا طریقہ کار کیا ہے؟

ج:۔ انسان خود چاند دیکھے، دو عادل بتائیں ، ایک گروہ جس کے کہنے پر یقین واطمینان ہو جائے، پچھلے مہینہ کے 30 دن گزر جائیں۔

س87 :۔ حج کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ بیت اللہ کی زیارت کرنا اور ان اعمال کا بجالانا جن کا حکم دیا گیا ہے۔

س88 :۔ ایک انسان کے لئے زندگی میں کتنی مرتبہ حج کرنا واجب ہے؟

ج:۔ ہر انسان پر زندگی میں ایک دفعہ جب وہ مستطیع ہو حج واجب ہے۔

س89 :۔ احرام کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ دو سفید چادریں جو حج یا عمرہ کی ادائیگی کے لئے پہنی جاتی ہیں۔

س90 :۔ تلبیہ کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ وہ ورد جو عمرہ یا حج کے احرام باندھنے کے بعد پڑھا یا جاتا ہے۔ لبیک اللھم لبیک۔۔۔

س91 :۔ استلام کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ حجر اسود کو بوسہ دینا، ہاتھ سے چھونا یا ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے اشارہ کرنا۔

س92 :۔ زکوۃ کس نیت سے دینی چاہیئے؟

ج:۔ ضروری ہے بہ قصد قربت یعنی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی نیت سے زکوۃ دی جائے۔

س93 :۔ زکوۃ کن کن چیزوں پر واجب ہے؟

ج:۔ زکوۃ گیہوں، جو، کھجور، کشمش، سونا، چاندی، اونٹ، گائے، بھیڑ بکری اور احتیاط لازم کی بنا پر مال تجارت پر بھی واجب ہے۔

س94 :۔ زکوۃ کب واجب ہوتی ہے؟

ج:۔ زکوۃ مذکورہ دس چیزوں پر اس صورت میں واجب ہوتی ہے جب مال کی مقدار نصاب تک پہنچ جائے۔

س95 :۔ خمس کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ خمس منافع کے پانچویں حصہ کو کہتے ہیں۔

س96 :۔ خمس کا ذکر قرآن کریم کی آیت مبارکہ میں آیا ہے

ج:۔ قرآن حکیم کی سورۃ الانفال کی آیت نمبر 41 میں خمس کا ذکر کیا گیا ہے۔

س97 :۔ خمس کتنی چیزوں پر واجب ہے؟

ج:۔ خمس سات چیزوں پر واجب ہے۔

س98:۔ کن سات چیزوں پر خمس واجب ہے؟

ج:۔ کاروبار کا منافع، معدنی کانیں، گڑاہوا خزانہ، حلال مال جو حرام مال میں مخلوط ہو جائے، غوطہ خوری سے حاصل ہونے والے سمندری موتی اور مونگے، جنگ میں ملنے والا مال غنیمت، مشہور قول کی بنا پر وہ زمین جو ذمی کافر کسی مسلمان سے خریدے۔

س99 :۔ اگر کوئی شیعہ اثنا عشری ایسا مال خریدے جس خمس ادا نہ ہوا ہو تو خمس کس کے ذمے ہو گا؟

ج:۔ خمس کی ادائیگی بیچنے والے کی ذمہ داری ہے

س100:۔ خمس کتنے حصوں میں تقسیم ہوتا ہے؟

ج:۔ دو حصوں میں سہم امام۔ سہم سادات تقسیم ہوتا ہے۔

جنرل نالج :۔

س1:۔ قرآن کریم کی سب سے پہلی آیت کون سی ہے ؟

ج:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

س2:۔ رسول اللہؐ پر قرآن کی پہلی کون سی آیت نازل ہوئی ؟

ج:۔ سورۃ العلق کی پہلی آیت اقۡرَأۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذي خَلَقَ

س3:۔ مادر قرآن کس سورۃ کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ سورۃ الحمد کو۔

س4:۔ سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے ؟

ج:۔ سورۃ البقرہ۔

س5:۔ کن سورتوں میں سجدہ واجب کا ذکر ہے ؟

ج:۔ سورہ سجدہ، فصلت، نجم، علق

س6:۔ سورۃ الحمد کو کن ناموں سے یاد کیا جاتا ہے ؟

ج:۔ سورۃ الفاتحہ، الوافیہ، الشافیہ، سبع مثانی، الکافیہ، النور اور الشُکر۔

س7:۔ قرآن پاک کی آخری وحی کون سی ہے ؟

ج:۔ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُم سورۃ المائدہ آیت **نمبر** 3۔

س8:۔ قرآن پاک میں سب سے پہلے کس فرشتے کا نام آیا تھا؟

ج:۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام

س9:۔ قرآن پاک میں سب سے پہلے کس اولوالعزم نبی کا نام آیا تھا؟

ج:۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

س10:۔ قرآن پاک کو سب سے پہلے کس نے جمع کیا تھا ؟

ج:۔ حضرت امیر المؤمنین علی ابن ابیطالب علیہما السلام

س11:۔ قرآن پاک میں سب سے پہلے کس کے بارے میں حکم نازل ہوا تھا؟

ج:۔ نماز کے بارے میں

س12:۔ نہج البلاغہ کس کا کلام ہے ؟

ج:۔ حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام

س13 :۔ نہج البلاغہ کے خطبات کس جمع کیے ہیں ؟

ج:۔ علامہ ابوالحسن محمد حسین مشہور بہ سید رضی

س14:۔ نہج البلاغہ کے کل خطبات کتنے ہیں ؟

ج:۔ 241

س15:۔ نہج البلاغہ کے کل مکتوبات کتنے ہیں ؟

ج:۔ 79

س16:۔ نہج البلاغہ کے کل کلمات قصار کتنے ہیں ؟

ج:۔ 481

س17:۔ نہج البلاغہ کا بڑا خطبہ کون سا ہے ؟

ج:۔ خطبہ قاصعہ ۔(خطبہ نمبر 192)

س18:۔ نہج البلاغہ کا چھوٹا خطبہ کون سا ہے ؟

ج:۔ خوارج کے بارے میں خطبہ نمبر 61 ہے۔

س19:۔ نہج البلاغہ کا بڑا خط کون سا ہے ؟

ج:۔ سب سے بڑا خط مالک اشتر نخعی کے نام لکھا تھا (خط نمبر 53)

س20:۔ نہج البلاغہ کا چھوٹا خط کون سا ہے ؟

ج:۔ سب سے چھوٹا خط سپہ سالا رون کے نام لکھا تھا (خط نمبر 79)

س 21 :۔ کس خطبہ میں متقین کی صفات بیان کی گئی ہیں ؟

ج:۔ خطبہ ھمام 193

س22 :۔ آپؑ نے کس خطبہ میں امام زمانہ کا ذکر کیا ہے ؟

ج:۔ خطبہ نمبر 182

س23 :۔ اپنے حق خلافت کو مولاؑ نے کس خطبہ میں ذکر کیا ہے ؟

ج:۔ خطبہ شقشقیہ 03

س24 :۔ حضرت علیؑ نے اپنا دارالحکومت کس شہر کو بنایا تھا؟

ج:۔ کوفہ

س25 :۔ خداند متعال کی کس مخلوق کو نیند نہیں آتی ؟

ج:۔ فرشتہ۔

س26 :۔ کن پرندوں کا ذکر نہج البلاغہ میں ہے ؟

ج:۔ مور، کوا، مرغ، باز، کبوتر، چمگادڑ وغیرہ۔

س27 :۔ کن چوپاؤں کا ذکر نہج البلاغہ میں ہے ؟

ج:۔ ہاتھی، گھوڑا، شیر، بھیڑیا وغیرہ

س28:۔ مولا علیؑ کے نزدیک شریر ترین لوگوں کون ہیں ؟

ج:۔ خوارج

س29 :۔ حضرت آدمؑ کا مجسم کتنے سال میں تیار ہوا تھا ؟

ج:۔ چالیس سال میں۔

س30 :۔ حضرت آدمؑ کو کون سے اسماء تعلیم دیے گئے تھے؟

ج:۔ اسماء پنجتن پاک۔

س31 :۔ سب سے پہلے قیاس کس نے کیا تھا؟

ج:۔ ابلیس نے۔

س32 :۔ سب سے پہلے قلم سے لکھنے کی ابتداء کس نے کی تھی؟

ج:۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔

س33 :۔ کشتی نوح کتنے عرصہ میں تیار ہوئی تھی؟

ج:۔ 250سال میں۔

س34 :۔ کشتی نوح کی پیمائش کیا تھی؟

ج:۔ لمبائی1200 ہاتھ، چوڑائی800ہاتھ اور اونچائی80 ہاتھ ۔

س35 :۔ کشتی نوح کتنے مہینے چلتی رہی تھی؟

ج:۔ 6مہینے۔

س36 :۔ کشتی نوح میں کتنے افراد سوار ہوئے تھے؟

ج:۔ 80مرد وزن

س37:۔ جنگی اسلحہ کی ایجاد کس نبی نے کی تھی؟

ج:۔ حضرت ادریس علیہ السلام

س38 :۔ کس نبی نے سب پہلے راہ خدا میں ہجرت کی ؟

ج:۔ حضرت ابراہیمؑ۔

س39 :۔ سب سے پہلے کس نبی نے خانہ کعبہ پر غلاف چڑھایا؟

ج:۔ حضرت اسماعیلؑ۔

س40 :۔ حضرت موسیٰؑ کی قبر کہاں ہے ؟

ج:۔ کوہِ طور پر

س41 :۔ مچھلی کے پیٹ میں کون سے نبی کو رکھا گیا تھا؟

ج:۔ حضرت یونسؑ

س42:۔ حضرت یعقوبؑ کے قبر مابرک کہان واقع ہے ؟

ج:۔ بیت المقدس

س43:۔ حضرت یوسفؑ کتنے دن کنویں میں رہے تھے ؟

ج:۔ تین دن تک

س44:۔ سب سے پہلے کس نبی نے ذرہ بنائی تھی ؟

ج:۔ حضرت داؤد علیہ السلام

س45 :۔ خداوند منان نے سب سے پہلے کسے خلق فرمایا تھا؟

ج:۔ نور رسول اللہؐ

س46 :۔ آتش پرستی کا آغاز سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

ج:۔ قابیل

س47 :۔ وہ کون سے نبی جو باپ کے بغیر صرف ماں سے پیدا ہوئے ہیں؟

ج:۔ حضرت عیسیٰ

س48 :۔ سب سے پہلے مقتول کون ہیں؟

ج:۔ حضرت ہابیلؑ

س49:۔ کس نبی نے شادی نہیں کی؟

ج:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

س50:۔ طواف کے سات چکر کس معین کیے تھے ؟

ج:۔ عبدالمطلبؑ

س51 :۔ رسول اللہؐ نے اعلان نبوت کب کیا؟

ج:۔ 40سال میں

س52 :۔ حضرت علیؑ کی خلافت کا پہلا اعلان کب ہوا؟

ج:۔ دعوت العشیرہ

س53 :۔ اسلام میں پہلی ہجرت کب ہوئی؟

ج:۔ ہجرت حبشہ جس کے سردار جعفر طیار تھے۔

س54 :۔ اذان واقامت کا حکم کس ہجری کو ہوا تھا؟

ج:۔ 1ہجری

س55 :۔ رسول اللہؐ کے کس چچا کا لقب سید الشہداء تھا؟

ج:۔ حضرت حمزہؑ کا جو جنگ احد میں شہید ہوئے تھے۔

س56 :۔ ماہ رمضان کے روزے کب واجب ہوئے تھے؟

ج:۔ 2ہجری

س57 :۔ ضربت علیؑ کے بارے میں حضور اکرم نے کیا فرمایا تھا؟

ج:۔ علیؑ کی ایک ضربت ثقلین کی عبادت سے افضل ہے۔

س58 :۔ مدینہ کی پہلی مسجد کون بنائی گئی؟

ج:۔ مسجد قبا

س59 :۔ جس جنگ میں نبی پاکؐ شرکت کریں اسے کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ اس جنگ کو غزوہ کہتے ہیں۔

س60 :۔ جس جنگ میں رسول اللہؐ شریک نہ ہوں اس کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ اس جنگ کو سریہ کہتے ہیں۔

س61 :۔ اسلام کی سب سے پہلی جنگ کون سی ہوئی ہے؟

ج:۔ جنگ بدر

س62 :۔ لیلہ المبیت کس رات کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ شب ہجرت کی رات کو۔

س63 :۔ حضرت علیؑ کی تلوار کا کیانام تھا؟

ج:۔ ذوالفقار

س64 :۔ جب حضرت فاطمہ زہرہ سلام اللہ علیہا نماز پڑھتیں تو کیا ظاہر ہو تا تھا؟

ج:۔۔ زمین سے آسمان تک ہر طرف نور ہی نور ہو تا تھا۔

س65 :۔ مشرق و مغرب کے درمیان کتنا فاصلہ ہے ؟

ج:۔ سورج کی ایک دن کی مسافت

س66 :۔ امام حسینؑ کے صحابی کا نام بتایئے جو ہر رات میں قرآن ختم کرتے تھے ؟

ج:۔ بُریر بن خضیر

س67 :۔ سب پہلے زائر قبر امام حسینؑ کون سا صحابی رسول اللہؐ تھے ؟

ج:۔ جابر بن عبد اللہ انصاری

س68 :۔ صحیفہ کاملہ کس امام کی دعاؤں کا مجموعہ ہے ؟

ج:۔ امام علی زین العابدینؑ

س69 :۔ صحیفہ کاملہ کے دوسرے نام کیاہیں؟

ج:۔ انجیل اہل بیت، نورِ آل محمد

س70 :۔ کس نبی نے حضرت محمد مصطفیٰؐ کی آمد کی بشارت دی تھی؟

ج:۔ حضرت عیسیٰؑ

س71 :۔ حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب کس نام سے مشہور تھے؟

ج:۔ حوارین

س72 :۔ کس نبی کی قوم کو بدترین قوم کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت لوطؑ کی قوم کو

س73 :۔ حضرت داوڈؑ نے کس ظالم بادشاہ کو قتل کیا تھا؟

ج:۔ جالوت بادشاہ کو

س74 :۔ بیت المقدس کی بنیاد کس نبی نے رکھی تھی؟

ج:۔ حضرت سلیمانؑ نے

س75 :۔ حضرت زکریاؑ کی قبر کہاں واقع ہے؟

ج:۔ بیت المقدس میں

س76 :۔ حضرت ادریسؑ نے کتنے شہر کو آباد کیا تھا؟

ج:۔ تقریباً ۱۰۰ شہروں کو

س77 :۔ سب سے پہلے ترازو کس نبی نے تیار کیا تھا؟

ج:۔ حضرت شعیبؑ نے

س78 :۔ پردہ کا حکم کس سن میں ہوا تھا؟

ج:۔ ۵ ہجری کو

س79 :۔ حضرت امیر المؤمنین علیؑ نے کس کو علم نحو سکھایا تھا؟

ج:۔ ابو اسود دوئلی

س80 :۔ دنیا کی سب سے بہترین غذا کیا ہے؟

ج:۔ شہد

س81 :۔ وہ کون سی بی بی جو دو اماموں کی ماں ہیں؟

ج:۔ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

س82 :۔ زمین سے آسمان تک نور کا سلسلہ کب قائم ہوتا تھا؟

ج:۔ جب حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا نماز ادا کرتیں تھیں۔

س83 :۔ سر امام حسین نے کس سورہ کی تلاوت کی تھی؟

ج:۔ سورۃ الکہف

س84 :۔ وہ کیا چیز ہے جو کم ہوتی ہے لیکن بڑھتی نہیں؟

ج:۔ انسان کی عمر کم ہوتی ہے زیادہ نہیں ہوتی۔

س85 :۔ وہ کون سی چیز ہے جو زیادہ ہوتی ہے لیکن کم نہیں ہوتی ؟

ج:۔ سمندر کا پانی

س86 :۔ گھٹنے آگے کی طرف کیوں جھکتے ہیں اور پیچھے کی طرف نہیں جھکتے ؟

ج:۔ تاکہ انسان آسانی سے چل سکے۔

س87 :۔ سر پر بال اگنے کا کیا مقصد ہے ؟

ج:۔ اس کا مقصد سر کو سردی اور گرمی سے بچانا ہے

س88 :۔ سیف الاسلام کسے کہتے ہیں ؟

ج:۔ حضرت امیر المؤمنین علی ابی طالب علیہما السلام کو

س89:۔ خامس آل عبا کس کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ حضرت امام حسینؑ کو

س90 :۔ سید التابعین کس کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ حضرت اویس قرنیؓ کو

س91 :۔ ثقہ الاسلام کس کو کہتے ہیں ؟

ج:۔ شیخ کلینیؒ (صاحب کافی)

س92:۔ امام المفسرین کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ شیخ طوسی کو

س93 :۔ شہید اول کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ محمد بن مکی

س94 :۔ شہید دوم کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ شیخ زین الدین بن علی ن احمد عاملی

س95 :۔ شہید سوم کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ قاضی شہید نور اللہ ششتری

س96 :۔ شہید رابع کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ مرزا محمد کامل دہلوی

س97 :۔ فقیہ حکماء کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ محقق حلیؒ

س98 :۔ فقیہ الطائفہ کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ شیخ مفیدؒ

س99:۔ میزان المفسرین کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔ علامہ طباطبائی (صاحب المیزان)

س100 :۔ جلالین کن مفسرین کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ جلال الدین سیوطی اور جلال الدین محلی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہم ذات احدیت اللہ سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمیں چہاردہ معصومین علیہم السلام کے صدقے میں صحیح معنوں میں دین اسلام سیکھنے کی اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عنائت فرمائے ۔۔۔ان شاء اللہ ۔۔۔ آمین ۔۔۔ یارب العالمین۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
طلب العلم فريضة على كل مسلم ومسلمة
القرآن
+923475791227
خوشخبری
القرآن آنلائن سنٹر
قرآنی تعلیمات اور اسلامی تعلیمات القرآن آنلائن سنٹر کے توسط
سے ہر چھوٹے بڑے کی دسترس میں اب آپ کے اپنے گھر میں
قم المقدسہ کے تجربہ کار اساتذہ اور مؤثر انداز تدریس کے ساتھ
القرآن آنلائن سنٹر لایا اپنے معززین کے لئے فخریہ پیشکش
پیکجز
تین دن ہفتے میں
چار دن ہفتے میں
پانچ دن ہفتے میں
ویکینڈ
استاد فوقانی
+923475791227
+923125791227

اللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ عَلَى آبَائِهِ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ وَ فِي كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا وَ حَافِظًا وَ قَائِدًا وَ نَاصِرًا وَ دَلِيلًا وَ عَيْنًا حَتَّى تُسْكِنَهُ أَرْضَكَ طَوْعًا وَ تُمَتِّعَهُ فِيهَا طَوِيلًا